سوال نمبر 4895

منجانب: جناب اعظم خان درانی صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

| نمبر شمار | سوال | جواب |
| --- | --- | --- |
| | کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ | |
| (ا) | آیا یہ درست ہے کہ حیات آباد فیز تھری چوک پر باب پشاور کے نام سے دو فلائی اوور تعمیر کیئے گئے ہیں؟ | جی نہیں بلکہ ایک فلائی اوور بنایا گیا ہے جس کے دو لیولز ہیں۔ |
| (ب) | آیا یہ بھی درست ہے کہ ان کی خوبصورتی کے لئے مختلف اقسام کے پودے خریدے گئے ہیں؟ | جی ہاں یہ درست ہے۔ |
| (ج) | آیا یہ بھی درست ہے کہ ان پودوں کو پنجاب سے خریدا گیا تھا؟ | اس کا ٹھیکہ بھی فلائی اوور کے ساتھ NLC کو دیا گیا۔ لہذا یہ انکی ذمہ داری تھی جہاں سے بھی چاہے پودے خریدیں۔ |
| (د) | اگر (ا) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ان پودوں کی خریداری پر خرچ شدہ رقم کی تفصیل پودوں کی اقسام اور ہر ایک پودے کی الگ الگ قیمت فراہم کی جائے۔ نیز اپنے صوبے کے بجائے دوسرے صوبے سے خریدنے کی وجوہات بھی بتائی جائے۔ | ابھی NLC کی طرف سے پودوں کا بل آنا باقی ہے اور اس کام کی ادائیگی ابھی تک نہیں ہوئی ہے۔ لہذا جب فائنل بل آئیگا تو تفصیل فراہم کردی جائیگی۔ |